مجموعہ جلدین اوّلین

مختار اشعار

دیوان

شاہ نصیر دہلوی

و

مرزا رفیع سودا

جسکو

عالی جناب نواب عماد الملک بہادر مولوی سید حسین صاحب بلگرامی نے
منتخب اور مدراس اسکول بکس اینڈ لٹریچر سوسایٹی نے
مشتہر کیا

محمد عبد العلی آسی مدراسی مہتمم و مصحح اصح المطابع کے اہتمام و تصحیح سے
دلگداز پریس لکھنؤ مین چھپا

جلد اول

مختار اشعار

دیوان

شاہ نصیر دہلوی

جسکو

نواب عماد الملک بہادر مولوی سید حسین صاحب بلگرامی نے منتخب او

مدراس اسکول بکز اینڈ لٹریچر سوسائٹی نے

مشتہر کیا

ولہ

میں ضعف سے جون نقش قدم اُٹھ نہیں سکتا | بیٹھا ہون سر خاک پہ جم اُٹھ نہیں سکتا
دل پر یہ ہو ... آ ... استاد | کیا کیجے کہ یہ پست کر غم اُٹھ نہیں سکتا
ہر جا متجلی ہی وہ پر پردۂ غفلت | ای معتکف دیر و حرم اُٹھ نہیں سکتا
بیمار ترا صورت تصویر نہالی | بستر سے ترے سر کی قسم اُٹھ نہیں سکتا

ولہ

چاکری کو سینے حوض ... کی کریگا ای سرو | تو کمر سے جو ہی باندھے ہوئے داماں کو

ولہ

فریدون کوئی یا کہ بہرام ہوگا | ولے گور سے عاقبت کام ہوگا
نہ سمجھو کہ آغاز خط عارضی ہی | خدا جانے کیا اسکا انجام ہوگا

ولہ

یقیں ہی کوئی دم وہ کرکے میرا خون نہ ٹھہریگا | میں اپنے جون حنا گر ہاتھ بھی باندھون ٹھہریگا
ہوا ایہ ہی یہ سیاد مسافر خانۂ ہستی | نہ ٹھہرا ہی کوئی یان ای دل محزون نہ ٹھہریگا

ولہ

تمنا عشق کی رکھنا غلط فہمی ہی پیری مین | کوئی افسردہ خاکستر سے ہوتا ہی شرر پیدا
تعین سے نکل اس بیضۂ افلاک کے ای دل | تہیا سرتش پر اوڑنے کا ہی کر بال و پر پیدا

ولہ

گھر اُٹھ کے بزم سے جو وہ افسوس کل گیا | شیشے کا ساتھ ہچکیوں سے کے دم نکل گیا
کیا خاک جاسے سبق ہی دیا کہ جون حنا | دیکھا جسے برنگ دگر ہاتھ مل گیا

غزلون کا انتخاب

زیب تن گرچہ ہی گل بر ہن سرخ ترا
لیکن انجام یہ ہوگا کفن سرخ ترا

شیشۂ بادہ گلرنگ پٹک دے ساقی
جامۂ سرمین دیکھے جو تن سرخ ترا

سچ بتا تو سمجھے سوفار خدنگ قاتل
لہو کس کس کا پیئے گا دہن سرخ ترا

ولہ

دل مجروح کو دکھلا نہ تاب چہرۂ روشن
کہ زخمی کو خطر ہی چاندنی سے مارجانے کا

دہ آئینے میں کیا عکس رخ گلنار دیکھے ہی
ہنر ہی یاد اسکو آگ پانی میں لگانے کا

دکھاتا ہی تو دکھلا بام پر ٹک جلوۂ قامت
قیامت کو نہین کوئی کسی کے کام آنے کا

ولہ

ا سے عبرت ہی یہ دنیا غافلو ڈرتے رہو
تاج تھا جس سر پہ ہی وہ کاسۂ سر زیر پا

یرے دیوانے کو ہی ہر گام پر پا خلتش
خار صحرائے جنون مارسے ہی نشتر زیر پا

ال تیرے لیے ٹھہرا کس طرح سے ورنہ یاں
جوں سپند اُچھلے ہی وہ ہو جسکے انگر زیر پا

ولہ

ہاتھوں سے آہ ہجر کے بیٹھا نہ چین سے
لیکر کہاں مجھے دل مضطر نہیں پھرا

کیا جانے کیا عدم میں تماشا ہے جو وہاں
یاں سے گیا ہے آہ سو جا کر نہیں پھرا

ولہ

بوسے کا سوال اُس سے کروں ہوں تو کہے ہے
چپ رہ مرے کچھ منہ سے نکل جائے تو اچھا

اثبات ہو دعویٰ جو ان آشنپہ الٰہی
صورت مرے قاتل کی بدل جائے تو اچھا

ابرو کے اشارے مگر و غیر سے دیکھو
تلوار جو اس بات پہ چل جائے تو اچھا

خوں ہو کے رواں دل ہو جو آنکھوں سے تو بہتر
یا عشق کی آتش میں یہ جل جائے تو اچھا

آتا ہے تو آ وعدہ فراموش وگرنہ
ہر روز کا یہ لیت و لعل جائے تو اچھا

لب پر سے بلاق اپنے دم بوسہ ہٹا دو
اندیشۂ زنبور عسل جائے تو اچھا

سینے میں نصیر اپنے نہ تم آہ کو روکو
یہ تیر نشانے پہ جو چل جائے تو اچھا

قطعہ

کیمیا گر تو اسی فکر میں کھا جسے رنج سدا
تیرے رو یک بنانا ہی ہنر چاندی کا

خاکساری کو سمجھے ہیں وہ اپنی اکسیر
رکھتے جھگڑا نہیں ارباب زر چاندی کا

ولہ

رخ پہ تمھیں گیسو کا دکھانا نہیں اچھا
خورشید کا بدلی میں چھپانا نہیں اچھا

لیکا ہے اُسے دیکھ پریشاں نظری کا
آنکھ آئینے سے یار لڑانا نہیں اچھا

کشتہ ہوں قد یار کا اے شور قیامت
سوتے سے مجھے میرا جگانا نہیں اچھا

سر شمع صفت عشق کی منزل میں کٹے ہے
اس رہ میں قدم آگے بڑھانا نہیں اچھا

چھاتی پہ ہاتھ رکھ کے نہ کیون بیٹھ جاؤن مین
سینے سے اُٹھتے اُٹھتے کوئی دل سنبھل گیا

ولہ

جتنے کہ دن میں سو سے عدم جا گزر گیا
خیمہ اُٹھا حباب سے نے دیگر سفر کیا

ولہ

نقش حصیر تن پہ دام تعلق اب ہی
آزادگی میں جس نے مثل ستکار کھینچا

قامت کے کھینچنے میں بہزاد نے بھی تیرے
تا عرصۂ قیامت اک انتظار کھینچا

آنکھون کی تیری ساقی کیفیت اب کہین کیا
دو ہی پیالیون سے آنر خمار کھینچا

دست طمع کو مارے کب سے نصیر ہم نے
دنیا سے دون کے سر پہ یان لات مار کھینچا

ولہ

صبحدم بلبل شیدا کو رولانا کیا تھا
غنچے کو دوست پہ رکھ یون بجانا کیا تھا

اس لیے جین بجسن موج سے ہی ہر دم
ای حباب لب جو آنکھ چورانا کیا تھا

نے چمن ہی نہ کوئی ساقی گلفام نصیر
یاد کس بات کو ستے ڈھ زمانا کیا تھا

ولہ

اپنے رونے کی دکھاتی کیا ہی طغیانی گھٹا
رو برو اس چشم تر کے بھرتی ہی پانی گھٹا

ولہ

بن ترے بزم مین ہی مرگ کا سامان پیدا
شعلۂ شمع سے ہی تیر کا پیکان پیدا

قد ترا ای بت گل پوش ہو گر سایہ فگن
تو قیامت ہو سر خاک شہیدان پیدا

لے اوڑا باد کے مانند یہ پانی ساقی
کشتی مے ہوئی جون تخت سلیمان پیدا

ہون وہ مجنون کہ کرے ہی مری پابوسی کو
سلسلہ حلقۂ چشمان غزالان پیدا

ہم نہ کہتے تھے نہ کہ حرف خودی ای منصور
عاقبت دار پہ کھینچیگی یہ پندار کی بات

ولہ

دیکھا نہ تجھے رہ گئی دیدار کی حسرت
تا مرگ نہ نکلی ترے بیمار کی حسرت

جون نقش قدم خاک نشینان رہ عشق
خاک ہی مین ملا بیٹھے ہین رفتار کی حسرت

صیاد قفس کو نہ اُٹھا صحن چمن سے
باقی ہی ابھی مرغ گرفتار کی حسرت

ولہ

رفیق غم کے سوا کوئی یان نہیں دن رات
نہ درد پہلو ہی اپنا تو ہمنشین دن رات

صفائی چہرے کی خط آئے پر رہیگی نہین
مگر غرور سدا ایک سے نہیں دن رات

یہ زور و ظلم نہین عقل کی ہی کوتاہی
فلک پھرے ہی سدا ناپایدار ہین دن رات

اجل تو ناز ہی اور عمر ہی تری جون کبک
یہ مال و پر ہیں اب اُسکے سمجھ نہیں دن رات

چراغ و شمع تو جلتے ہیں شام سے تا صبح
مجھے جلاوے ہی یہ آہ آتشین دن رات

ولہ

جون نقش پا ہر اک سے کیا مجھکو رہا
عزت یہان یہ پائی ہی افتادگی سے آج

ولہ

ذکر زلف یار بس مت اب دل آگاہ کر
رات آخر ہو گئی قصہ کہین کوتاہ کر

سرزمین عشق مین گر چاہتا ہی کچھ نمود
آگے فوج اشک کے ای دل نشان آہ کر

اُٹھ کہین بیدار ہو کس نیند سوتا ہی نصیر
ہی سفر درپیش غافل فکر زاد راہ کر

ولہ

کب کسیکا ساغر دل ٹوٹ کر تجھسے بنا
چاک کے مانند مت ای چرخ کج رفتار پھیر

کہتا ہون نصیر اُٹھ کے دریار پہ جا بیٹھ ۔ دنیا مین کہین اور ٹھکانا ہین اچھا

ولہ

پشتِ لب پر ہی تری یہ خطِ ریحان ایسا ۔ منہ تو دیکھو کہ لکھے یاقوت رقم خان ایسا

ولہ

ایسی بھی بعد مجنون یارو ہوا بندھی ہی ۔ لے گرد باد جیسم کب کو مکو نہ آیا
کیونکر یہ ہاتھ اپنا پونہچیگا تار گریبان ۔ دست خیال سے جسکے دامن کو چھو نہ آیا

ولہ

جبکہ حق آپ کو شہ رگ سے بھی فرمائے قریب ۔ پھر وہ اندھا ہی یہان جو نہ اُسے پائے قریب
دوربین پونہچے ہی چشمِ دلِ آگاہ کو کب ۔ یار سو کوس پہ گر ہو تو نظر آئے قریب
ایک صورت کے ہین دو حرف فریب اور قریب ۔ کوئی نکتہ یہ کسے بیٹھ کے سمجھائے قریب

ولہ

بعد مردن بھی ہوا باندھے ہی تیری گرد باد ۔ خوش نصیبی کیا کہوں یہ بھی ترے مجنون نصیب
جون نگین پیدا کرینگے صفحۂ گیتی یہ نام ۔ ہو گئے سیدھے ہمارے گر کھو واژون نصیب
شمع کیا روشن ہو تجھسے ہی ازل سے تا بہ مہر ۔ اُسکو جلنا روز تجکو حسن روز افزون نصیب

قطعہ

شمع پروانے سے کہتی تھی یہ انگشت اُٹھا ۔ یعنی جلتی ہون گھڑی بوجھ اشارات کی بات
دم غنیمت ہی جو تجسے مجھے سر رشتہ ہی ۔ صبح کو مین ہوں نہ تو یاد رہے رات کی بات
اُٹھ گیا نامہ و پیغام تو اُٹھ جانے دو ۔ کون سی اُسکی ہماری ہی ملاقات کی بات

ولہ

جائے تحسین ہو پیارے ترے بیمار کی بات ۔ مرگیا پر لب شکوہ سے نہ اظہار کی بات

غم غلط ہین کٹ گئی ہی نصیبہ — آہ افسوس صد ہزار افسوس

ولہ

کیا ہی اپنے سامنے گر اُٹھا لے حرص — دست طلب کو کھینچ کے توڑا ہی پاے حرص

ولہ

لگا پیچون کے بل چلنے وہ عاشق حدا حافظ — ہوا ریا پھر اک ہنگامہ محشر حدا حافظ

نگاہ دیکر جو اسکو لینے دل مین آہ ڈرتا ہون — دھرا ہی متصل تشنے کے اک خنجر حدا حافظ

سحاب آسا مگر آسمان اک دن مین بیٹھے گا — یہی رونے کی صورت ہی تو جیسم تر حدا حافظ

ولہ

رہ ہی یون روشن ہین اچلے مین پالے کے چراغ — ماہ کا جون درمیان روشن ہو ہالے کے چراغ

مرقد عاشق کی ہی یہ تربجا لے کے چراغ — داغ دل ہی اس مین اب اُس مرنے والے کے چراغ

مٹ گیا تھا آہ دل سے داغ عشق شمع رو — پھر جلا کر رکھدیا شعلے نے نالے کے چراغ

ولہ

یون لیے صد اثر سے ہین ترے کشتگان تیغ — کیا سنگ سرمہ تھا کہین سنگ فسان تیغ

مجکو تو ہم قتل نہین آہ پر ترا — نازک ہی ہاتھ اور یہ بار گران تیغ

دے میرے ہاتھ مین سپر جام ساقیا — ہر شاخ گل لگے ہی چمن مین سنان تیغ

ولہ

زلف کا سر بستہ کوچہ مانگ کا رستا ہی تنگ — دل تری شامت ہی ستا ہی خطر دونون طرف

ہی وہ دریا مین نہاتا مین ہون غرق آب شرم — کچھ عجب اک ماجرا ہی طرفہ تر دونون طرف

ولہ

تمام شہر مین جس کے لیے ہوا بدنام — وہ اب تلک بھی مرے نام سے نہین [illegible]

ہم نہ کہتے تھے نصیر اُس چشمِ دریابار کو
رودیا ای ابر تونے آکے رستے زار پھر

شکوۂ دورِ فلک بیجا ہی گر سمجھے نصیر
سخت برگشتہ سے اپنے پھر گیا دلدار پھر

وله

ہم چشمی اُسکی چشم سے مت ای غزال کر
دیکھ اُسکو اور اپنی طرف ٹک خیال کر

صاحبدلو ذرا تو حقیقت مری سنو
سینے سے لے گیا ہی کوئی دل نکال کر

وله

لگے گی دم مین سرِ تیغِ زمانہ سر اُٹھانے پر
نہ اتنا محو وارہ سان اُچھلو خرانے پر

ریاضِ دہر مین رہنا ہی خاک اہلِ تواضع کا
کہ شاخِ پُرثمر کھاتی ہی پتھر سر جھکانے پر

نصیر اسکا بھروسا جو کرے وہ محض ناداں ہی
بنا ہے ہستیِ فانی ہی دم کے آنے جانے پر

وله

تو اُسکی مانگ کی دھن مین نصیر بیٹھا کر
گیا ہی سانپ نکل اب لکیر پیٹا کر

وله

حرفِ حق روبرو ٹک اُسکے سمجھ کر کہنا
یعنی رکھے ہی زباں دار کھی منصور دراز

یہی آتی ہی صدا کاسۂ چینی سے سدا
حیف کیا کہیے کہ ہی قصۂ فغفور دراز

طرفۃ العین کھلا تجھسے یہ عقدہ کہ حباب
راہِ مُلکِ عدم اتنی نہیں کچھ دور دراز

وله

ہو چکی باغ مین بہار افسوس
آہ ای بلبلِ ہزار افسوس

قافلہ عمر کا ہی پا برکاب
زیست کا کیا ہی اعتبار افسوس

جان ہونٹھوں پہ آگئی ہمدم
لیکن اب تک پھرا نہ یار افسوس

ملون نہ کیوں کف افسوس ہیں کہ میں نظر — پھرے ہے محفل یاران رفتگان کا رنگ
نصیر یاد خوابی عشرت ہے سیری مین — کہ ایک رنگ پہ رہتا نہیں جہاں کا رنگ

ولہ

بے برق شعلہ ہے نہ اخگر میں دل
کبھی تیتم میں کسے بہت آہ کے دل کی
ار خیال سے سبل کہ میرے سر میادا
کمت طائر سیماب سے کیسے نہ پر پرواز

رکھتی ہے کچھ اب عالم دیگر تپش دل
اے دیدۂ گریاں نہ بجھی پر تپش دل
بر پا کرے ہنگامۂ محشر تپش دل
پہلو میں جو کچھ مارے ہے تہ پر تپش دل

ولہ

تیری ہی کس گل کے دہن کی تھی کہانی شبنم — منہ میں غنچے کے چواتی ہے جو پانی شبنم
صبح پیسری کی مین ہوئی تیری طرح سے پامال — خاک میں ملگئی ہیہات جوانی شبنم

ولہ

گو ہر دندان دکھا دو ہنس کے آج — ورنہ ہیرے کی کنی کھاتے ہین ہم
اب تو اس کوچے میں جو کچھ ہو سو ہو — جان جاوے یا رہے جاتے ہیں ہم
کون کہتا ہے نہ کہیے احوال — گر اٹھی کہیے تو مر جاتے ہیں ہم
ق
گرچہ ہین درویش لیکن اے فلک — بحکو خاطر میں نہین لاتے ہیں ہم
ہیم ماں کے واسطے کب جون ہلال — تیرے آگے ہاتھ پھیلاتے ہین ہم
ق
کب رنگ لوٹے گل مانند صبا — اپنے جامے سے نکل جاتے ہیں ہم
جس قدر یاں دیکھتے ہیں اوڑھنا — پاؤں یاں اتنے ہی پھیلاتے ہین ہم

ولہ

جون ذرہ نہین ایک جگہ خاک نشین ہم — اے مہر جہاں تاب جہاں تو ہے وہین ہم

ہزار حیف یہاں چھٹ کے لگ گئیں آنکھیں
وہاں وہ سورج لب بام سے ہیں واقف

دلا سبب طلب بوسہ ہے تجھے اس سے
وہ لعل لب کہ لب جام سے ہیں واقف

تپش سے دل کی خبر ہووے ہے یہاں معلوم
میں طرز نامہ و پیغام سے نہیں واقف

نہ خوش وصال میں ہو رکھ تو یاد ہجر نصیر
مگر تو کیسۂ ایام سے نہیں واقف

ولہ

ہے تجھے یاقوت لب کو اپنے دکھلانے کا شوق
رشک سے مرجان رکھے ہے دل میں چھپانے کا شوق

کیوں نہ رکھے دانۂ انگور کی تسبیح شیخ
لے گیا دامن کشاں مستی سے میخانے کا شوق

ولہ

کشتی شکستگان کا نہیں ناخدا شریک
کون اب بجز خدا ہو برے وقت کا شریک

یا بوتراب بحر الم سے مجھے نکال
میں ڈوبتا ہوں کوئی نہیں آشنا شریک

نسبت اگرچہ ممکن و واجب سے ہے و لے
اس کا شریک کوئی نہیں ہے وہ لاشریک

یہ کھینچتا ہے کوہ کو وہ کاہ کو نصیر
دل کی کشش کا ہو مرے کیا کہربا شریک

ولہ

سیے گا ناصحا تو حیف کو کیا خاک دامن تک
کیا ہے دست وحشت نے گریباں چاک دامن تک

چمن میں کس سے وسن پوچھے صبا اُس پاک دامن تک
گریبان گل نے حسرت سے کیا ہے چاک دامن تک

نہ تنہا اشک کے قطروں سے کچھ زیب گریباں ہے
یہ موتی ٹانکتا ہے دیدۂ نمناک دامن تک

ولہ

شہید کر کے ہمیں رنگ یہ نکالا ہے
نشے سے سرخ ہیں چہرۂ بتان کا رنگ

جو تو دل سے تعلق رکھے ہے اے ہمدم
کدھر کا راگ تو ڈھونڈے ہے اور کہاں کا رنگ

مال بہا ہوا ہے کیونکہ دل کہتی ہیں پلکیں یار کی
تیر بھی ہم ناوک بھی ہم برچھی بھی ہم خنجر بھی ہم

کیا خاک نشہ مے کیسی اے ساقی گلفام آ
گریاں ہیں مثل ابر کیا جون برق ہیں مضطر بھی ہم

جو چاہے ہے کر جور و جفا پر دل کا مہر داغ سے
روز قیامت کو سنا دکھلائیں گے محضر بھی ہم

ولہ

دل کو کیا جبین ہو چھٹ زلف سیہ دام کہین
اوڑتے دیکھا نہیں طائر تو سر بام کہین

تجھ سے کیا دیدہ و دانستہ محبت کیجے
آنکھ لڑتی ہی کہین نامہ و پیغام کہین

شاعری کی طرح ہم نے نہ پایا آرام
ہاتھ سے تیرے تو اے گردش ایام کہین

ٹوٹ جاوے نہ پیاری موج کہین جام حباب
ہاتھ رعشے سے ترا کانپے ہی تک تھام کہین

جون نگیں گھر میں قدم گاڑ کے اے بیٹھ نصیر
نام ہے صفحۂ گیتی پہ ترا نام کہین

ولہ

ہرگز مراجعت نہ عدم رفتگان سے کی
حیران ہی چشم نقش قدم انتظار مین

بیٹھا جو آکے چھاؤں مین مارا اسی نے سنگ
ثمرہ ملا یہ نخل کو اس رہگزار میں

ست خاک عاشقان کو تو برباد کر صبا
شاید ہو شہسوار کوئی اس غبار مین

ولہ

اٹھ سر لیے دہر مین تیری طرح حباب
اک دم کی زندگی پہ مین خود آبدیدہ ہون

سیخ کباب سے بدلتا ہون کروٹین
اے بادہ نوش آگ مین تجھ بن تپیدہ ہون

مجکو ہوا ہے وحشت نوردی سے کیا ہی کام
اے ضعف تیرے ہاتھ سے مین آرمیدہ ہون

پایا نصیر گلشن ہستی سے یہ ثمر
بار گنہ سے صورت شاخ خمیدہ ہون

شب حلقۂ رندان میں عجب سیر تھی ساقی — ساغر کو سمجھتے تھے مہ ہالہ نشین ہم
سر رشتۂ رہ عشق کا اب ہاتھ لگا ہے — جون دانۂ تسبیح نہ ٹھہرینگے کہین ہم
کھو بیٹھے ہیں اس عشق کے ہاتھوں سے نصیر اب — ہوش و خرد و صبر و قرار و دل و دین ہم

ولہ

جام مے صافیا شتابی دے — کون کہتا ہے پارسا ہیں ہم
چشم کیا کیجیے وا برنگ حباب — در فرقت لعین میں ہوا ہیں ہم

ولہ

لکھ دے مشاطہ تو ابروے دل آرام پہ نام — یعنی استاد کا بھی چاہیے صمصام پہ نام
کیونکہ روباہ صفت پاے قناعت ڈگ جاے — اسد اسد کا لیتا ہون مین ہر گام پہ نام
روسیہ گرچہ ہین پر ہمنے ترا احسان — کھو رکھا ہے نگین دل ناکام پہ نام
گردش چشم کا اک تیری نہین شاکی مین — رکھتے آئے ہیں ابھی گردش ایام پہ نام
والہ و شیفتہ و زار و حزین و مجنون — ہمکو کیا کیا تری الفت میں ملے نام پہ نام

ولہ

اس فرصت یکدم پہ دلا کر کے نہ ناز ہم — مانند حباب آہ اٹھاتے نہین سر ہم
کیونکہ یہ ہستی موہوم ابھی — مانند شرر رہتے ہیں سرگرم سفر ہم

ولہ

صرف اک تکیہ ترا دنیا مین اب رکھتے ہین ہم — گر طلب رکھتے ہیں ہم تیری طلب رکھتے ہیں ہم
عشق کی نیرنگیان جو کچھ ہیں سب رکھتے ہیں ہم — رنگ زرد و چشم تر و خشک لب رکھتے ہین ہم

آئینہ دل کا صاف کر کہلائے صیقل گر بھی ہم — ولہ — اپنے سواد یکھین کسے اندر بھی ہم باہر بھی ہم

ہنستے ہی ہنستے راہی ہی قافلہ گلوں کا
غنچون کا ہی چٹکنا بانگ درا چمن مین

کاکل کو اپنے رخ پر مت چھوڑنے تو ہو یہ
سنبل کے سر پہ ہو گی نازل بلا چمن مین

جاوُن کدھر نصیر اب ہاتھوں سے مین جنوں کے
ہر موج آب جو ہی زنجیر پا چمن مین

ولہ

دیدۂ نقش قدم ایک نہین ہی پامال
سیکڑون خاک مین گردون سے ملائین آنکھین

خاک ہی چشم مروت کہ بنا کاسۂ آب
ای حباب لب جو ہم سے چرائین آنکھین

ولہ

پوچھ ساقی سے عجب سیر تھی کل دریا مین
موج کرتی تھی رہ رہ بہن کے بل دریا مین

طرفۃ العین کیا بیتس نظر تو نے حباب
عقدۂ زندگی و مرگ کو حل دریا مین

ولہ

ہاتھ دھو بیٹھے نہ جب تک زندگی سے تب تلک
نقش پای رفتگاں کو کیا کوئی پائے کہین

خاکساری نے ترا وام رہا مین کب ہون سد
موج نفس بوریا ہر چند لہرائے کہین

سلق سے دست طمع کھینچا جنھون نے ای نصیر
کس فراغت سے ہین بیٹھے پاؤن پھیلائے کہین

ولہ

اُسکے ہنسنے پر دلا کیون اشک بھر لاوین نہین
برق وان چمکے تو ہم یان منہ بھی برساوین نہین

خاک ہی نام و نشان اپنا کہ جون نقش قدم
راہ الفت مین مٹے تو بھی ترے بھاوین نہین

سایۂ مژگان مین رکھ ہر تحت دل کو چشم تر
یہ گل باغ محبت دیکھ کمھلاوین نہین

ولہ

آپ کا کون طلبگار نہین عالم مین
ایک بندہ ہی گنہگار نہین عالم مین

ولہ

فرصت ایکدم کی ہی جوں حباب پانی یان
خاک سیر ہو کیجے سیر زندگانی یان

انتو منہ دکھا اپنا کاٹ کے تو ای پیری
مل گئی تری خاطر خاک مین جوانی یان

گھیر تو نے جامے کا سے طرح بڑھایا ہی
اب یہین نہ پاے گا دور آسمانی یان

ولہ

گرچہ جوں نقش قدم خاک سے ہمدوش ہوئے ہین
پر ترے سایۂ قامت سے ہم آغوش ہوئے ہین

کہدو یہ اس ستم ایجاد سے میرا پیغام
تو جفا پیشہ اگر ہی تو وفا کوش ہوئے ہین

کیون نہوں مردمک دیدہ کونین نصیر
ماتم آل پیمبر مین سیہ پوش ہوئے ہین

ولہ

قسم نہ کھاؤ زبان داب کر کہ آؤنگا
تمھاری ایسی زبانی قسم سمجھتے ہین

اٹھائیو کوئی طوفان نہ سر پہ خانہ خراب
کہ تجکو خوب ہم ای چشم نم سمجھتے ہین

نصیر یعنی دل و داغ اور سینہ و آہ
جو کچھ کہ ہین یہ انھین لوگ کم سمجھتے ہین

عرض کھلا ہی یہ ہم پر مقام حضرت عشق
کہ عرش و کرسی و لوح و قلم سمجھتے ہین

ولہ

بیاد خال بتان اشک کیا نکلتے ہین
مسافر آج یہ تارون کی چھاؤن چلتے ہین

پہونچ گئے سبھی منزل کو ہمرہان افسوس
اور ایک ہم ابھی آنکھیں ہی اپنی ملتے ہین

لباس کہنۂ ہستی اوتار کر عاشق
کفن نہ سمجھو یہ پوشاک اب بدلتے ہین

بغل مین مدعی جان ہی دوستو یہ دل
کہ اسکی بات کے پہلو کئی نکلتے ہین

ولہ

رکھیے قدم نہ اُسکے کیونکر دلا چمن مینا
اوڑ ناگنی سے لگے ہی موج ہوا چمن مین

یکسو بن گیا ہوں رہ روش ای نصیر
اس نقش بوریا کی میں تعریف کیا لکھوں

ولہ

جور کے ہاتھوں سے سر تا پا لب فریاد ہوں
ہوں عجب میں بھی کہ اتنک ای ستم ایجاد ہوں

ہی مجھے ربط دلی اُس یار جانی سے نصیر
گو وہ بھولا مجکو لیکن میں تو رکھتا یاد ہوں

ولہ

کبھو نہ اُس رخ روشن پہ چھائیاں دیکھیں
گھٹائیں چاند پہ سو بار چھائیاں دیکھیں

بلائیں لیوے ہی ہاتھوں سے اُسکی زلفوں کی
یہ دست شانہ کی ہم نے رسائیاں دیکھیں

کسی نے لی نہ خبر غرق بحر الفت کی
ان آشناؤن کی یہ آشنائیاں دیکھین

ہم اپنا تجکو ہوا خواہ جانتے تھے صبا
بہار تو نے بھی تہا اوڑائیاں دیکھیں

بیاں کس سے کروں ای تیرہ بختی کا
اندھیری راتیں وہ ای دل پھر آئیاں دیکھیں

نصیر کیجے وفا کب تلک بقول میر
جفائین دیکھ لییان بیوفائیان دیکھین

ولہ

نہ ذکر آشنا نے قصہ بیگانہ رکھتے ہیں
حدیث یار رکھتے ہیں یہی افسانہ رکھتے ہیں

چمن میں سرو قد گر جلوہ مستانہ رکھتے ہین
برنگ طوق قمری ہم خط پیمانہ رکھتے ہیں

نہ اُلجھو اس قدر بیوجہ سلجھانے مین زلفوں کے
دل صد چاک تو ہم بھی برنگ شانہ رکھتے ہیں

دل اپنا کیوں ہو بحر جہان میں جون گہر قانع
ملاقات آپ ہی ہم کو نہ فکر دانہ رکھتے ہیں

بٹھائین سرو و شمشاد اپنے سر کیوں آ قمری کو
ترے قد کے ہین صدقے صبح آزادانہ رکھتے ہیں

ٹھکانا کچھ نہیں پوچھو ہم سے تم خانہ بدوشوں کا
جہاں جون بوئے گل ٹھہرے وہیں کاشانہ رکھتے ہین

ہمیں مت چھیڑ کر دیکھو رولاؤ اور جلاؤ تم
کہ طوفان چشم مین سینے میں آتشخانہ رکھتے ہین

	ولہ	
اسے تو ڈوبایا ہے مجھے اُس نے جلایا		ہو جانہ خراب آنکھ کا اور دل کا بُرا ہو
سب لب ہے ترا لام ہے زلف اور الف قد		یار دل عشاق یہ کیونکر نہ ملا ہو
کون عشق کے کشور کا نہ سلطان کہیں اُسکو		تیشہ سر فرہاد پہ جب بالِ ہما ہو
	ولہ	
گنجفے کا ہے ورق پاس فلک کے خورشید		اس سے بازی نہ کوئی جیت سکا ہاتھوں ہاتھ
دستگرداں یہ نہیں جنسِ گرانمایۂ دل		اس کا سودا کوئی کیونکر ہو بھلا ہاتھوں ہاتھ
	ولہ	
کرتا ہے پیچ دل سے کچھ دود آہ اُلٹے		ایسا نہو کہ ڈسے کر مارِ سیاہ اُلٹے
	ولہ	
سحر جو تو لیے جام شراب ہوتا ہے		عرق خون شفق آفتاب ہوتا ہے
طلب میں کیوں نہ وہ بوسے کی مجکو دے دشنام		سوال کا بھی کچھ آخر جواب ہوتا ہے
یہ بحر عشق تمام جسکہ موج مارے ہے		تو آبلہ مرے دل کا حباب ہوتا ہے
	ولہ	
یاد مجکو ہے اک اُسکی نہیں ہر دم ساقی		ہچکیاں لگ گئیں شیشے کو بھی پیہم ساقی
جلد آ ورنہ کوئی دم کو چمن میں تجھ بن		مجھے ہیرے کی کنی دیویگی شبنم ساقی
اُٹھ گئی سلطنت جم کی تمنا دل سے		ہاتھ سے جام مئے بھر بھر کے تو جم ہم ساقی
مست و مدہوش کیا ہے تری آنکھوں نے		نہ رہا دونوں جہان کا مجھے کچھ غم ساقی
روز کہتے ہو یہی آج کی شب ٹھہر گی	ولہ	دیکھیے تم سے ملاقات کی کب ٹھہریگی

ولہ

مدت ہوئی ہیں کنج قفس میں پڑے تڑپتا　　مرغان ہم آواز تک آواز سنادو
اسکو کہو اجازت مدو انسکون کو مژہ تک　　سو بیزے ڈوملے کو تو پانی چڑھا دو

ولہ

پھینکنے ہی تاک کرتے بام بلند کو　　تار نگہ کی مردم دیدہ کمند کو
چھٹتا ہی ہے آئینہ یہاں ہاتھ سے　　لپکا پڑا ہی یہ اس خود پسند کو
مست کش طبیب ہوں کس واسطے نصیر　　ہی درد ہی میں چین دل دردمند کو

ولہ

زندگی بن ترے کیا خاک مہ طلعت ہو　　کہکشاں کی لیے برچھی جو شب فرقت ہو
نا توانی کا ہی احسان کہ ننھا ہوں میں ہلال　　شہر میں کیوں نہ نکلنے کی مرے شہرت ہو
روکتی آئینہ کرتا تو ہی تجھسے لیکن　　من اسی سطح میں ہوں دیکھیے کیا صورت ہو
دل میں سوراخ ہی اما سے زمان کے ہاتھوں　　خاک جوں دانہ تسبیح ہمہ الفت ہو
مے پرستی کی نصیر اس گھڑی کیفیت ہی　　جسکا معشوق گل اندام ہو اور خلوت ہو

ولہ

جان و دل صبر و خرد ہم تو تمہیں دے بیٹھے　　اور کیا جی میں ہی فرمائیے کیا چاہتے ہو
دوستو دل کا لگانا ہی نہایت ہی برا　　آؤ جانے دو اگر اپنا بھلا چاہتے ہو
کیوں نہ ہو زلف کو سررشتۂ الفت تم سے　　تم بھی تو حسرت دل اسکو ملا چاہتے ہو
وجہ معلوم تو ہو چین نہیں ہونے کی　　سچ کہو جی میں ہی کیا کس سے لڑا چاہتے ہو
رنگ چہرے کا یہ بیوجہ نہیں زرد نصیر　　یا ہو رنجور کسی شخص کو یا چاہتے ہو

قبولِ خاطرِ احباب ہی سخن ایسا — یہ فیضِ صحبتِ ماتمؔ نصیر پایا ہی

ولہ

غافل ٹک اپنی ہستیِ موہوم کو تو دیکھ — اکدم کی جون حباب تری بود و باش ہی
رہا یہ کیجو شورِ قیامت کو پھر کہیں — ٹھوکر نہ مار یہ ترے عاشق کی لاش ہی
ہی اس زمین پہ گردشِ افلاک اس قدر — سنتے ہی آہ ساغرِ گل پاش پاش ہی
گہ گل کو دیکھتا ہون گہے شمع کو نصیر — ہر رنگ میں غرض مجھے اُسکی تلاش ہی

ولہ

قیامت کو جو تو ٹکرے تو کیا ہوتا ہی یہ سُن کر — مرا شور و فغان سارا جہان آباد سنتا ہی
ابھی کہتے تھے صاحب ہم رہے بخشے کیون جھکیے — جو کچھ کہنا ہی اس بندے کو ہوا ارشاد سنتا ہی
قصورِ عقل ہی تعمیر کرنا قصر کو منعم — یہ تھورا کی کدھر ہی دیکھ تو بنیاد سنتا ہی
کہان بہرام اور گور اور کجا جمشید و خسرو — یہان تختِ سلیمان ہو گیا برباد سنتا ہی

ولہ

ہی بیاضِ سادہ یا یہ مخزنِ اسرار ہی — سورۂ یوسف ہی یا مصحف ہی یا رخسار ہی
راتِ یلدا ہی یا ظلمات یا ابرِ سیہ — دودِ آہِ عاشقان یا جعد یا طرار ہی
زلف یا سنبل ہی یا طغرائے فرمانِ جمال — مایۂ آشفتگی زنجیر ہی یا مار ہی
یا سنان یا چنگلِ شاہین ہی یا دستِ دعا — یا صفِ محشر ہی یا مژگان ہی یا تلوار ہی
یا مفرح یا لبِ کوثر ہی یا آبِ حیات — طوطیِ شکر شکن یا لعلِ گوہر بار ہی
اخترِ صبحِ سعادت مورِ عنبر یا بلال — تخمِ آہِ آتشین یا خالِ روئے یار ہی

حلقۂ مہ سلمان سے نہین کم خطِ جام — ولہ — ورنہ ساقی کو کی شیشے مین پری رہتی ہی

ای مسیحا نفس اکدم تو سرِ بالیں آ
جاں ہونٹھونپہ مری تیرے سبب ٹھہریگی

ولہ

ہوا ہی جوشِ مرغانِ چمن صیاد پر ثابت
پرِ طاؤس مہرِ داغ سے محضر نکالے ہی

ولہ

کس منہ سے اب گلشن میں تو اُس گل کو منہ دکھلاتا ہی
جیسا ہی کھلی ہی ای غنچہ کیون پھر اُتنا دکھلاتا ہی

مظہرِ عینِ حقیقت اُسکا کیسا کیا رنگ دکھاتا ہی
آنکھون کے آگے سے غافل جب تب وہ اُٹھ جاتا ہی

جذبۂ عشق و محبت ایسا اُسکو کھینچ ہی چھوڑیگا
دیکھ تو کیا ہوتا ہی ای دل اتنا کیون گھبراتا ہی

ولہ

وہ نہین ہیں ہم جو تیرا چھوڑ کر در جائینگے
سر کو سنگ آستان سے پھوڑ کر مر جائینگے

ولہ

ابرو یہ ستم خال بلا زلف غضب ہی
ای دل یہ مہِ نو ہی یہ اختر ہی یہ شب ہی

دنیا بھی ہی ای اہل نظر جائے تماشا
ماتم ہی کسی گھر مین کہین بزم طرب ہی

ولہ

قسمت مین کسی کی ہی یہاں گوہرِ شہوار
مانند صدف جو کوئی وابستہ دہن ہی

رخت سفری دوش پہ غنچے کیطرح باندھ
ہشیار ہو غافل کہ یہ جا کب وطن ہی

ولہ

یہ عالم اُسکے خط سبز نے دکھایا ہی
کہ جسکو دیکھ کے عالم نے زہر کھایا ہی

وبالِ جانِ ستم دیدہ کیوں ہوئی ای آہ
کچھ اب یون تو بہت تونے سر اُٹھایا ہی

یہ گرد باد نہین عشق سے بیابان مین
مزارِ قیس پہ خیمہ بپا چڑھایا ہی

ولہ

عاشق کو کیا یہ تری گفتار مار ڈالے عالم کو رفتہ رفتہ رفتار مار ڈالے
آئینہ سان نہیں ہی ملنے کی شکل کوئی یارب بہ آرزوے دیدار مار ڈالے
تا رحمت ہوئے اکدم بصرف غفلت جون شمع کاش عشق ربار بار مار ڈالے
منصور سے ہزارون اس صفحۂ زمین پر نیرنگی فلک سے سردار مار ڈالے
جون غنچہ ہی ہمارے دل کی نصیر ملمین گر کیجیے کچھ اُس سے اظہار مار ڈالے

ولہ

شتابی باندھ اسباب سفر اے بیندے ماتے کھلے ہی اب تلک آنکھیں تو پونہچا کاروان آگے
نصیر اس رہگذر مین جستجو کر بیٹھ مت تھک کر ملے شاید سراغ نقش پاے رفتگان آگے

ولہ

سبو و خُم گل و غنچہ سے کیے پُر ہین شبنم سے چمن میں ہی یہ شہد و سبیل پانی کی
نظر پڑا نہ کہین پھر وہ ماہ کنعانی نصیر ہم نے بھی یک چند کاروانی کی

ولہ

تونگر کیطرح درویش کیا مسند بچھا بیٹھے خدا کا جسکو تکیہ ہو وہ کیا تکیہ لگا بیٹھے
فقیرون سے کہیں دل میں ہوس کچھ سیر دریا کی زمین پر دیکھتے ہین موج نقش بوریا بیٹھے
جہان مین یون تری بنیاد ہی اے آدم خاکی کہ جون پانی کا اُٹھ کر ایک دم مین بلبلا بیٹھے
غرور حسن اتنا تجکو کب تھا اے شہ خوبان یہ نادانی ہوئی ہم سے جو آئینہ دکھا بیٹھے

ولہ

ساقی رکھے ہی تیرا کیا انتظار بجلی پردے مین ابر کے ہی جو بیقرار بجلی

باوجود اسکے کہ ہی جامع اضداد صفات
ذات حق تشبیہ سی بھی ای شیخ بری ہتی ہی

ولہ

نہ ہر گز کوئی ہم جیتی سے اس لب پر کمر باندھے
ہماری بات کو سنکر گرہ مین بیتکر باندھے

اٹھایا ہاتھ تو بھی خون عاشق سے، قاتل نے
حنا نے رات اسکے روبرو ہاتھ آن کر باندھے

کیا ہی صید چشم سرگین نے یون دل عاشق
کہ جون شاہین کبوتر پر گرے ہی بال و پر باندھے

عبث ہی شیخ گویاں کفر اور اسلام کا قصہ
تصور زلف و روئے یار کا شام و سحر باندھے

ولہ

چرخ نے کسکو نہ فیل و شتر و کوس دیے
لاکھون جمشید کیے سیکڑون کاؤس کیے

حیف یہ عیش و طرب ہی کہ خناس کے مانند
اپنے ہاتھون کو جو مل مل کوئی افسوس جیے

شیخ بے ذوق جیے کعبے مین صد حیف نصیر
برہمن رقص کرے دیر مین ناقوس لیے

ولہ

نہین اختر فلک پر شب کو یہ ہر سو نکل آئے
رہا جو خانۂ پُر دود مین آنسو نکل آئے

دکھاوینگے تماشا دم مین دریاے حوادث کو
برنگِ موج ہم گر مار کر بازو نکل آئے

ولہ

بوسے کی چاہ مین لب جانان تلک گئے
ای خضر ہم بھی چشمۂ حیوان تلک گئے

مژگان پہ ہی تلاطم امواج سیل تاب
پیغام چشم تر کے بھی طوفان تلک گئے

عاشق تو یار تجھسے بھی نازک مزاج ہین
سایے مین نخل آہ کے بستان تلک گئے

ایسا دل شکستہ کسی سے بنا نہ جب
ہم لیکے شیشہ گر کی بھی دوکان تلک گئے

نظر ہی خاک تجھے آبرو نصیر
آنسو نکل کے چشم سے دامان تلک گئے

نقش برآب ہم انکو سمجھتے ہین اہل دید ۔ نقش حباب جسکی ہوا پر کلاہ ہے
خورشید سر برہنہ جو نکلے ہے ہر سحر ۔ کس مہ جبین کے ہاتھ سے بیداد خواہ ہے
یان ہم ہین اور سر ہے بزانوے کنج غم ۔ وان آئینہ ہے شانہ ہے زلف سیاہ ہے
ساقی ترے بغیر گلستان دہر مین ۔ ق ۔ گذرے ہے اسطرح سے یہ شام و پگاہ ہے
ساغر ہے داغ شیشہ کھنچا ہے آبلہ ۔ بارش ہے اشک ابر سپید و دود آہ ہے
اسکا ٹھکانا ہے اگر کرم جلوہ گر نصیر ۔ گو گوشہ جہان یہ مرا برگ کاہ ہے

ولہ

لسان شمع قلم کیون نہ ہووے سر اسکا ۔ جو تیری بزم میں ہر دم زبان بدلے ہے
خدا کے واسطے رکھ ہم سے آنکھ اب سیدھی ۔ نظر تو کیون بت نامہربان بدلے ہے
چمن پہ آج ہے شاید چڑھائی بدلی کی ۔ زری کے برق جو ہر دم نشان بدلے ہے
مثال آئینہ ہم سے رہے وہ صاف نصیر ۔ نظر ملا سے اگر اک جہان بدلے ہے

ولہ

سو دیار اے ہمت نظر آیا سنے مجھے ۔ دل کا جس سودا ہوا سے ہو گیا سودا مجھے
اسکے کوچے کی زمین بکدست وحشت خیز ہے ۔ حلقۂ زنجیر ہے ہر نقش پا سے مجھے
پاؤن پڑ زنجیر وان سے لائی گر جنون نصیر ۔ لے گئی دیوانگی پھر جانب صحرا مجھے

ولہ

لگے زخمی تری کیا تیغ نظر کا پانی ۔ ہے چور اسے جو ہوئے زخم اسکے جگر کا پانی
اپنے کوچے سے اٹھاتا ہے وہ اب جبین نصیر
داد ہمت مین کہاں کا ہے کدھر کا پانی

دیکھ آیینے میں اپنا ٹک جلوۂ تبسم
جھکی کب اس طرح سے دریا کے پار بجلی

ولہ

حُسن نمکین کا تیرے شور پڑا ہی
داماں حجالت بہ رخ حور پڑا ہی

یک مشت جبیہ خاک ہی ریا ذکر عشق
بھرنا ہمیں اس سے دہن گور پڑا ہی

ولہ

محبت میں تری ای جان من کیا دل کو رو بیٹھے
ہم آخر رفتہ رفتہ ہاتھ ان آنکھوں سے دھو بیٹھے

نہیں ہی فکر زاد و راہ کچھ یاران محفل کو
یہ اُس مہمان سرا میں ہو کے صاحب خانہ ہو بیٹھے

ہمیں محفل سے اپنی دیکھیں وہ کیونکر اُٹھاتا ہی
نہیں اُٹھنے کے اب تو یار ہو لی ہو سو ہو بیٹھے

بتوں کی آشنائی سے اُٹھاؤ ہاتھ جانے دو
نصیر اب اپنے گھر میں تم خدا کا نام لو بیٹھے

ولہ

نہیں فکر معیشت سے کوئی یاں ایکدم خالی
کہ مہر نیم ناں رکھتا ہی ماہ نو شکم خالی

ملیں کب آشنایاں غریق بحر الفت سے
حباب آسا نہ جب تک اپنی ہستی سے ہوں ہم خالی

خدا حافظ ہی ای ہمدم متاع صبر و طاقت کا
نہیں پھرنے کی ملک دل سے فوج درد و غم خالی

ولہ

جب تک کہ ہوا ہوا ہی اپنی نہ خاک لیجے
گلشن میں قدم تیرے کیا با صبا لیجے

گو نقش قدم ہم تو پامال ہوئے لیکن
دامن کو ذرا پھر کر ٹھوکر تو لگا لیجے

ولہ

بالیں پہ آکہ منتظر یک نگاہ ہی
بیمار چشم کی ترے حالت تباہ ہی

گلشن میں کوئی کشتۂ چشم سیاہ ہی
نرگس کی یک قلم جو زمیں پر نگاہ ہی

اس ابر سیہ تشنگی کا خاک اب یاں ای گرد باد کہئے
ازل سے پاؤں میں ہے یہ چکر ادھر ہمارا ادھر تمہارا

یہ سب یہ وسعت ہے سینہ سو کہ صاف آئینہ ساں ہیں ہم
غبار دل میں رہے نہ کیونکر ادھر ہمارا ادھر تمہارا

نہ دل جگر سے کرے ہے باتیں کہ ایک پل میں لگا اُسکے
نگاہ و مژگاں کا تیر و خنجر ادھر ہمارا ادھر تمہارا

اُدھر تو تروار آنکھ ہیں ادھر کو ہم سر جھکائیں اپنا
کہتا ہوں معلوم سب کو جوہر ادھر ہمارا ادھر تمہارا

غرور و ناز و کرشمہ ہو واں نیاز و زاری عجز ہو یاں
عجب طرح چلے ہیں ساتھ بت کر [?] ادھر ہمارا ادھر تمہارا

قطعہ

حال دو کھلا سے کو محراب خم ابرو کا
کشتۂ عشق میں دلدار جو ہوتا کوئی

جیتے جی کہا کہ اس ابر کرم سے بت آہ [?]
منہ بھی قبلے کی طرف کرکے سوتا کوئی

چشم ترکسکا نہ منہ تھا جو یہاں ترستا
دل کو یوں دیدۂ دل بستہ ڈبوتا کوئی

آبرو رکھ لی مری ابر رحمت نے
خاک اس نامۂ اعمال کو دھوتا کوئی

نسبت بیا یہاں کس سے پائے نصیر
زانوِ یار پہ سر رکھ کے جو سوتا کوئی

ولہ

ملایا خاک میں لاکھوں ہی تو نے شہسواروں کو
ڈروں ہوں اے فلک اب میں تری بدرکابی سے

گھٹا کی دیکھ کر مستی کو میں لوٹے ہے ای ساقی
چمن میں جام گل بھر دے تو غنچے کی گلابی سے

اُٹھائی سر سے ہر سایۂ گل جو صبح سیارہ [?]
کسی نے لی ہے انگڑائی چمن میں بے حجابی سے

کوئی جلتا ہے ای ہمدم یہاں اور کوئی کڑھتا ہے
نہیں کم خانۂ گردوں بھی دکان کبابی سے

نصیر اس عشق کے کوچے میں کہتے تھے قدم رکھیے
ہوا آگاہ رسوائی سے لو اب اور خرابی سے

ولہ

دل کا کیا مول بھلا زلف چلیپا ٹھہرے
کچھ تری گانٹھ گرہ میں ہو تو سودا ٹھہرے

وابستگی دل ہی عبث باغ جہان سے | ولہ | عقدہ یہ کھلا اب ہمین غنچے کی زبان سے
مت پوچھ جھبوں کی کہ نکلنی بھی سواری | | نقارہ و اسپ و شتر و فیل و نشان سے
سو گردش افلاک سے اونکی ہی یہ نوبت | | واقف نہین ہی آہ کوئی نام و نشان سے

ولہ

پوچھتا کیا ہی پور مدان خرابات سے شیخ | | بے نشاں کون ہی اور نام و نشاں کسکا ہی
آگ لگ جائے مجھے عشق کہ اون ہم تو چلین | | اور نہ پوچھے وہ کہ یہ سوختہ جان کسکا ہی
آنکھ اسکی رہین جون گردش ساغر مست بھر | | ہم نے جانا کہ تو ای پیر مغان کسکا ہی

ولہ

عشق ہی جو ہر سے طالب دیدار ہوتے | | ہم خواب عدم سے کبھی بیدار نہوتے
سینے سے لگا رکھتے یہ ای رشک چمن ہم | | گر داغ جگر غیرت گلزار نہوتے
آنکھین بھی یہ پتھرا گئین پر اسنے نہ دیکھا | | ای کاش ادھر رخنۂ دیوار نہوتے
باندھا ہی مرے مصرع کا کل کا یہ مضمون | | ورنہ مرے اشعار دھوان دھار نہوتے

ولہ

گرمی بازار آہ دیکھ دلا اور ہی | | کل کی ہوا اور تھی آج ہوا اور ہی
ای ستم ایجاد ہم تجھسے کہا تک کہین | | طرز جفا اور ہی رسم وفا اور ہی
دامن گل لوٹ کر جیتے ہوئے چھو لیا | | بات لگاوٹ کی پر باد صبا اور ہی
اسکے تڑپنے کو اب ق سے پوچھے کوئی | | یہ دل بیتاب ہی مسئلہ کا اور ہی
بیتی اٹھا مجھے لے تو چلے ہو ولے | | مجکو ہی آزار عشق اسکی دوا اور ہی

ہلینگے ابرو جو یونہیں ادھر ہمارے ادھر تمہارے | ولہ | چلیگی تروار دیکھنے پر ادھر ہمارے ادھر تمہارے

ہر گام پہ ہی جلوۂ برق شرر فشاں ‎— یہ اُس سمند ناز کی رفتار گرم ہے

نکلا ہے آج بن کے قیامت وہ رشک مہر ‎— ہنگامۂ جزا سے سر بازار گرم ہے

رکھا قدم نہ تو مرے مرقد پہ بھول کر ‎— سینے میں اب تلک یہ دل زار گرم ہے

ولہ

ہستی سے خاک کام ہے مثل شرر مجھے ‎— آتا ہے گریہ ہستی موہوم پر مجھے

جوں غنچہ ایکدم کے لیے منت نسیم ‎— اب ناخدا ہے دوش پہ رخت سفر مجھے

افشائے راز دیدہ و دل سے نہ کر ہا ‎— ہر گریہ تجھ سے چشم نہ تھی چشم تر مجھے

عشق بتاں نہیں بس ہے لب خشک و چشم تر ‎— دی ہے خدا نے سلطنت بحر و بر مجھے

گردش گردوں کو چین نہیں مثل گرد باد ‎— بیٹھا ہوں تو بھی گھر میں ہے ہر سفر مجھے

کیا جانئے کدھر وہ گئے حیف اے نصیر ‎— یاران رفتگان کی نہیں کچھ خبر مجھے

ولہ

زنجیر زلف کے جو سر فرق حجاب ہے ‎— آنکھوں میں دو عالم کے وہیں فرق حجاب ہے

ولہ

یہ درمیاں سے اٹھا دے حجاب کا پردہ ‎— ملا سے میری اگر ہم سے رہے رہے نہ رہے

بھروں گا تا نہ دم واپسیں میں تیرا دم ‎— اگرچہ اب میں مرا دم رہے رہے نہ رہے

ترا میں دیکھ کے عالم ہوں اور عالم میں ‎— کسے خبر ہے یہ عالم رہے رہے نہ رہے

چراغ صبح کے مانند دم کا مہماں ہوں ‎— شتاب آ کہ مرا دم رہے رہے نہ رہے

فراق یار میں رونا نہ چھوڑیو تو نصیر ‎— ملا سے دیدۂ پرنم رہے رہے نہ رہے

ولہ

کسے کیا کبھو یہ موسے سر اپنے ہوتے تھے ‎— میاں ہوتے تو تھے پر تا کمر اپنے ہوتے تھے

جنبش لب یہ قیامت ہی کہ جی اٹھے ہم
آج اک بات مین تم رشک مسیحا ٹھہرے

باغ دنیا مین مفید ہیں وارستہ مزاج
نکہت گل کو نہ دیکھا کہیں اک جا ٹھہرے

سرو کو نکر نہ خجالت سے زمیں مین گڑ جائے
قامت اسکا جو قیامت کا نمونا ٹھہرے

زلف کھینچے ہی ادھر اور ادھر کو کاکل
ایک دل ہی یہ مرا دیکھیے کسکا ٹھہرے

ولہ

دل مایاس کو جب تجھسے ملا دیکھینگے
پھر ترے ہیسا ترا ای قبلہ نما دیکھینگے

چشم سے پردۂ غفلت جو اٹھا دیکھینگے
سب با ہم تجھے اور سب سے جدا دیکھینگے

آئینے کو ہی پریشان نظری کا لپکا
ہم کسی اور کو کب تیرے سوا دیکھینگے

دم تو بھرتی ہی تو اس گل کی ہوا خواہی کا
پر لگاوٹ تری ای باد صبا دیکھینگے

دل یہ کہتا ہی کہ مت یاد بتاں دلواؤ
چھیڑ سے لے کا مرے پھر آپ مزا دیکھینگے

ولہ

اس یہ مجنوں ہی نیاں فرہاد ہی
اپنے دم سے ملک عشق آباد ہی

اس قدر ہم سے کیا ہی تجھکو یاد
ایک عالم کو ہماری یاد ہی

انکو ہم دیکھیں ہیں اور وہ آئینہ
یہ عجب در پیش اک روداد ہی

ولہ

چمن میں صبحدم ہی کیا وفور قطرۂ شبنم
کہ سوسن کا کٹورا دست نرگس سے چھلکتا ہی

کریں اس میکدے کی سیر کیا ہم عمر ہی آخر
کہ پیمانہ کوئی دم کو یہ ای دلبر چھلکتا ہی

شہیدوں کو رسے سیراب دکھایا ان تلک قاتل
لب ہر زخم سے آب دم خنجر چھلکتا ہی

ولہ

جسکے کہ حسن و عشق کا بازار گرم ہی
یاں آہ ہی وہان نگہ یار گرم ہی

دل کیون ہو غریق کہ دریاے حسن ہین — حلقون سے زلف کے کئی گرداب پڑ گئے
یاران رفتگان کی خبر لو حضرت نصیر — ملک عدم کی راہ مین سارے بچھڑ گئے

ولہ

حدیث لعل مسیحا جہاں نکل آئی — اسیر زلف یہ تڑپا کہ جان نکل آئی

ولہ

جگر میں آہ ویران ہی رکھے ہے ستم تیرا — الٰہی دل کدھر جاوے ادھر آتش ادھر پانی

ولہ

نالہ حلق ہو گئی لاکس وہ [illegible] وا — نفس کو اپنے نار کے جھٹکائے جائے ہے
کیا حال جسم زار کہون سوز عشق سے — اک نال ہے کہ آنچ سے بل کھائے جائے ہے
اس جور پیشہ سے دم رفتن کوئی کہے — کیوں ایک بیگناہ کو تڑپائے جائے ہے

قصائد کا انتخاب

اے جس کے عز و جاہ کے بالا تر آفتاب — نقش قدم سے کیا ہو ترے ہمسر آفتاب
دامان سبب سے صبح نکل سہری بدر کو — لاتا ہے ہاتھ مین طبق پر زر آفتاب
تیرا علو مرتبہ وہ ہے کہ در پہ روز — کردے ہلال اپنی جبین گھسکر آفتاب
مسند نشین وہ تو ہے کہ تجھ سے وار کر — پھینکے ہے زر کے پھول بھر کشور آفتاب
اس در پہ غیرت ید بیضا ہے دست جلق — ہر اشرفی چمکتی ہے یان بنکر آفتاب
منہ کیا ہے ہمسری جو سپہر سے تری کرے — اک صحیفے کا ہے ورق ابتر آفتاب
تو عدل گستری میں بھی رکھتا ہے برتری — گردون پہ داد خواہ ہے عریان سر آفتاب

اگرچہ بھی تھا ن عاشق کتنی سان زمانے میں
رت کعبہ نہ بیدا وگر ایسے نہوستے پتھے

ولہ

کوئی کب فتنہ انگیز ای فلک تجسا زمین پر ہی
کہ تو جا مارین سکے ہی تلے آسمان زمین پر ہی

یہ انسان نعش باطل ہی بھروسا کیا زمین پر ہی
مُندی جب آنکھ تب کچھ او رہی نقشا زمین پر ہی

جہاں مین سرکشی فوارہ سان کرتا ہی جو کوئی
دلا آخر وہی پھر سر کے بل گرتا زمین پر ہی

نشانِ ماہ طلعت کیوں نہ بانِ دورآنکو دیکھیں
داغ اُسکا فلک پر ہی اگرچہ پا زمین پر ہی

نصیر آئینہ سان ہو محو حیرت کیون نہ چشم اپنی
تماشا صانعِ قدرت کی قدرت کا زمین پر ہی

ولہ

جاؤ کوئی گر آئے وہ لائے سے کسو کے
تا لب پہ ٹھہر جائے دم آئے سے کسو کے

تم چشم فسون ساز مین سرمہ لگاؤ
کچھ خاک مین حاصل ہی ملائے سے کسو کے

کر ضبط فغان ای دل نالان کہ اُٹھیگا
اک فتنہ جو اسدم جگائے سے کسو کے

میرے دل صد چاک پہ ای گل نہ ہنس اتنا
اترائے ہی کیون سر پہ چڑھائے سے کسو کے

وہ اور ہین ای شمع جو الفت مین ہین نالان
روتے ہین تری طرح رولائے سے کسو کے

جون کا عذ آتش زدہ ہم بھر تماشا
ہنس ہنس کے جلے رات جلائے سے کسو کے

جون نقش قدم خاک نشینان رہ عشق
تا حشر اُٹھینگے نہ اُٹھائے سے کسو کے

ای ناصح بیہودہ نکر پند و نصیحت
دل لگ کے بھی چھٹتا ہی چھڑائے سے کسو کے

گو ڈر سے ترے بزم مین ہم پی گئے آنسو
پر رنگ چھپیگا نہ چھپائے سے کسو کے

یہ یاد رہے ہم تو ہین بے چین یہ تو بھی
آرام نہ پائیگا ستائے سے کسو کے

سو بار نصیر اُسکے لیے کیجیے منت
گر کام سے بھی وہ منائے سے کسو کے

جسکی تلوار چمکی تھی مثل ہلال
قرص خورشید درخشاں سے بھی ہے سرخی ڈھال
کیا کہوں جوہر سے اسکے ہوا انکا حال
صورت نقش قدم ہو گئے آخر پامال
خود چمکا نہ زرہ چمکی نہ بکتر چمکا

باد صرصر میں بھی پاتا نہیں میں اتنی تاب
پہنچ سکے وقت دویدن ترے گھوڑے کی رکاب
ہمعناں ہو سکیں کیا رستم و زال و سہراب
چھپ گئی سم سے تری بجلی تہ دامان سحاب
جب کہ توسن پہ ترا دوش ہوا پر چمکا

اے مہاراجہ حسن سیر و فرخ فال
بحر جود و سخا فیض رساں چندو لال
جبہہ سا در پہ ترے کیوں نہوں ارباب کمال
تھا یہاں خاک نشیں جو کوئی دے کی مثال
مہربانی سے تری مہر وہ ہو کر چمکا

ولہ

چمکا رہا ہی برق کی ابر بہار تیغ ۔ دکھلائے ہی مجھے چمن روزگار تیغ
کیا سر اٹھاؤں بحر جہان مین حباب وار ۔ کھاتا ہی کاسہ سر پر امتحان تیغ
ہون محفل زمانہ مین شکل چراغ صبح ۔ خورشید کھینچے ہی مرے سر پہ ہزار تیغ
قبضے مین تیرے شرق سے تا غرب کیون نہو ۔ ہر صبح کھینچتا ہی تو خورشید دار تیغ
کیا تجھسے کرسکے کوئی رزم آزمایان ۔ ناخن ہی شیر کا تری وقت شکار تیغ
تیرا وہ مرتبہ ہی بلند اب کہ ہر سحر ۔ خاور کا تیری لے کے چلے تاجدار تیغ
عالم مین تیرے جود سے ہی روشناس زر ۔ مردانگی سے ہی تری پر اعتبار تیغ

ولہ

چشم طلب اک عالم رکھتا ہی صدف آسا ۔ نیسان کرم تیرا دست گہر افشان ہی
رنگینی عبارت کی ظاہر ہی ترے خط سے ۔ جس سطر کو دیکھون ہون شاخ گل ریحان ہی
گوہر ہین بھرے تجھ مین کیا فیض رسانی کے ۔ گنتے ہوئے دریا کی ہر موج پریشان ہی

خمسہ

آج گوہر ہی نہ کچھ اسکے برابر چمکا ۔ لعل بھی بلکہ نہ معدن سے نکل کر چمکا
مہ سے صد چند جو دیکھا تو یہ بہتر چمکا ۔ اسعد رہاں ترے اقبال کا اختر چمکا
جسکے آگے نہ ذرا مہر منور چمکا

روبرو ہی ترے خیمے کے فلک شکل حباب ۔ رشتہ کاہکشان سے ہی بڑی اسکی طناب
رونق مسند حشمت ہی تو ای فیض مآب ۔ رو کشی کی نہوئی خوشۂ پروین کو تاب
تیری دستار پہ یہ طرۂ گوہر چمکا

جلد اول

مختار اشعار

(دیوان)

مرزا رفیع سودا

(جسکو)

نواب عماد الملک بہادر مولوی سید حسین صاحب بلگرامی نے منتخب اور

مدراس اسکول بکڈپو اینڈ لٹریچر سوسائٹی نے

مشتہر کیا

زبان ہے شکر میں قاصر شکستہ بالی کے — کہ جن نے دل سے مٹایا خلش رہائی کا
دکھاؤنگا تجھے زاہد اُس آفت جان کو — خلل دماغ میں تیرے ہے پارسائی کا

ولہ

سبب اس چشم کافر کے ہے کیا ہر بار رونیکا — کہ مانند صورت زنار اس سے تار رونیکا
کبھو میں بات اس رونے نہیں کی اُس سے پر اُن نے — نہ پوچھا یوں سبب کیا ہے ترے ہر بار رونیکا

ولہ

ٹوٹے تری نگہ سے اگر دل حباب کا — پانی بھی پھر پئیں تو مزا ہے شراب کا
دوزخ مجھے قبول ہے اے منکر و نکیر — لیکن نہیں دماغ سوال و جواب کا
کہتا ہے آئینہ کہ سمجھ تربیت کی قدر — جن نے کیا ہے سنگ کو ہمرنگ آب کا
تھا کس کے دل کو کشمکش عشق کا دماغ — یارب بُرا ہو دیدۂ خانہ خراب کا
قطرہ گرا تھا جو کہ مرے اشک گرم سے — دریا میں ہے ہنوز پھپھولا حباب کا

ولہ

دل مرا بند گو نہ سمجھے گا — پند میری نکو نہ سمجھے گا
تھا سو دانا ہزار حیف کہ تو — یہ نہ سمجھا کہ وہ نہ سمجھے گا
یہ سمجھ لے تو اب کہ سودا کا — دل تری گفتگو نہ سمجھے گا
حق کے سمجھائے سمجھے تو سمجھے — ترے سمجھائے تو نہ سمجھے گا

قطعہ

یہ کہا شیخ نے شیطان سے کہ آ ہم سے مل — آشنا مت ہو تو سودا سے خراباتی کا
کہا اُن نے کہ ہے میری تو سعادت اس میں — لیک ہے خوف مجھے آپکی بدذاتی کا

مقدور ہمین اُسکی تجلی کے بیاں کا — جون شمع سراپا ہو اگر صرف زباں کا

پردے کو تعین کے در دل سے اُٹھا دے — کھلتا ہی ابھی پل مین طلسمات جہاں کا

اس گلشن ہستی مین عجب دید ہی لیکن — جب چشم کھلی گل کی تو موسم ہی خزان کا

ولہ

کعبے جاوے پوچھتا کب ہی چلین آگاہ کا — اُٹھ گیا جیدھر قدم رستہ ہی بیت اللہ کا

کفر کی میرے تجلی ہی نظیر شمع طور — نوجوں ہوں جس بُت کو مین اک نور ہی اللہ کا

کوچہ گردی مین عجب عزت ہوئی غلطیدن — پاؤن پڑکر یار جھلاتا ہی مجکو راہ کا

شمع رو کہا اُسے سودا ہی تاریکی عقل — شمع کا عکس اُسکے عارض پر کلف ہی ماہ کا

ولہ

کس سے بیان کیجیے حال دل تباہ کا — سمجھے وہی اسے جو ہو زخمی تری نگاہ کا

ولہ

گلا لکھون مین اگر تیری بیوفائی کا — لہو مین غرق سفینہ ہو آشنائی کا

بہت بجا ہی رہنا سرکشی سے بزم ہستی مین — کہ مثل شمع رشتہ عمر کا ہر آن ہی تھوڑا
طلب مین ایک ہی بوسے کی تم کینا گئے ہمسے — بس آگے کیا توقع ہی جو لتے ہی ہین مُنہ موڑا
نہ مل کم ظرف سے ہرگز نقول آبرو سودا — کسے برداشت ہی ناحق اُٹھاوے کون نکتوڑا

ولہ

جو گرری مجھ پہ مت اُس سے کہو ہوا سو ہوا — بلاکشان محبت پہ جو ہوا سو ہوا
مبادا ہو کوئی ظالم ترا گریبان گیر — مرے لہو کو تو دامن سے دھو ہوا سو ہوا
کہے ہی سکے مری سرگزشت وہ بے رحم — یہ کون ذکر ہی جانے بھی دو ہوا سو ہوا
یہ کون حال ہی احوال دل پہ ای آنکھو — نہ پھوٹ پھوٹ کے اتنا بہو ہوا سو ہوا
دیا اسے دل و دین اب یہ جان ہی سودا — پھر آگے دیکھیے جو ہو سو ہو ہوا سو ہوا

ولہ

اب تلک ابر کا طوفان ہوا تھا سو ہوا — تجسے ای دیدۂ گریان ہوا تھا سو ہوا
قابل شانہ ہوئی زلف تری جسدن سے — کبھی جو دل کہ پریشان ہوا تھا سو ہوا
خط کی خوبی رسے عارض پہ یہ کیسی ہی کہ مور — رونق ملک سلیمان نہوا تھا سو ہوا

ولہ

